اکرام الحق اورنگ۔ افسانے؛ دلیار۔ ایک چہرہ کئی روپ، نئی منزل کے مسافر، جاگتی آنکھوں کا خواب، ننھا نے خودکشی کر لی (سچی کہانی)۔ دینی پہلو سے۔ "حج کی فضیلت" "علمائے امت کا کردار"

الاخبار مواد کے اعتبار سے بھی اور زبان کے اعتبار سے بھی بہت اچھا معیار رکھتا ہے۔ امید ہے کہ فروغ حاصل کرے گا۔

---

**مقتدرہ قومی زبان کے رسائل** ناشر: ڈاکٹر وحید قریشی۔ مقتدرہ قومی زبان، مکان ۱۳ گلی نمبر ۳۲، سیکٹر ۸/۱، اسلام آباد۔

اس سے قبل بھی رسائل کا ایک سیٹ مقتدرہ کی طرف سے شائع ہوا تھا اور ہم نے ان صفحات میں تعارف کرایا تھا۔ اب پھر ایک سیٹ موصول ہوا ہے۔ نہایت اچھی طباعت اور رنگین سرورقوں کے ساتھ حسب ذیل مقالات مل سکتے ہیں۔

۱۔ سیکرٹری ایٹ انسٹی ٹیوٹ (اردو ونگ) از معین احمد صدیقی

۲۔ براہوئی سے اردو ترجمہ۔ ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔

۳۔ سید مسعود حسن رضوی، ادیب۔ (کتابیات) از ڈاکٹر طاہر تونسوی۔

۴۔ آغا حشر کاشمیری (کتابیات) از ڈاکٹر اے بی اشرف۔

۵۔ سعادت حسن منٹو (کتابیات) از ڈاکٹر علی شاہ بخاری۔

۶۔ شرعی عدالت میں ترویج اردو۔ از ساجد الرحمٰن صدیقی۔

۷۔ اردو نامہ۔ لاہور کے منتخب ادارے۔ از میاں محمد اسلم۔

۸۔ سعودی عرب میں اردو۔ از محمد حنیف شاہد۔

ان کا مطالعہ اردو زبان و ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے نہایت مفید رہے گا قیمت کسی پر درج نہیں۔

---

© rasailojaraid.com